**18.06.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج وارانسی کے اپنے دورے کے دوران پی ایم کسان اسکیم کے تحت 20 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی 17ویں قسط جاری کریں گے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ منی پور میں نسلی مسئلے کو حل کرنے کی غرض سے کوکی اور Meiteis طبقوں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔

☆ امریکہ نے کہا ہے کہ قومی سلامتی کے مشیر Jake Sulivan کے بھارت کے دورے سے باہمی تعلقات مستحکم ہوں گے۔

☆ ملک کے شمالی حصوں میں گرمی کی شدت میں کوئی کمی نہیں آئی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے قومی راجدھانی کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ بھارت کی انکیتا رینا اٹلی میں جاری ڈبلیو ٹی اے Veneto ٹینس اوپن کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM VARANASI**

وزیراعظم نریندر مودی آج پردھان منتری کسان سمّان نِدھی کی 20 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی 17 ویں قسط جاری کریں گے ، جسے مستفید ہونے والے تقریباً 9 کروڑ 26 لاکھ کسانوں کے کھاتوں میں منتقل کیا جائے گا۔ پی ایم کسان اسکیم کے تحت اب تک 11 کروڑ سے زیادہ کسان کنبوں کو تین لاکھ چار ہزار کروڑ سے زیادہ کی رقم فراہم

کی جاچکی ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم کرشی سکھی کے طور پر اپنی مدد آپ گروپوں کی 30 ہزار سے زیادہ خواتین کو سرٹیفکیٹس بھی دیں گے۔ آج وارانسی کے اپنے دورے کے دوران ، وزیر اعظم پی ایم کسان سمّان سمّیلن میں شرکت کریں گے۔ آکاشوانی کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ تیسری مرتبہ وزیر اعظم کے طور پر حلف لینے کے بعد جناب مودی کا وارانسی کا یہ پہلا دورہ ہے۔ وزیر اعظم کل بہار جائیں گے۔x

## SHAH MANIPUR

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت منی پور میں تمام شہریوں کیلئے سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کے تئیں مکمل طور پر پُرعزم ہے۔ کل نئی دلّی میں منی پور کی سیکورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے کی خاطر بلائی گئی اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ داخلی امور کی وزارت Meiteis اور Kukis دونوں گروپوں سے بات چیت کرے گی تا کہ جلد سے جلد آپسی اختلافات کو دور کیا جاسکے۔ انہوں نے منی پور میں امن اور بھائی چارہ بحال کرنے کیلئے مرکزی فورسز کی تعیناتی پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر مرکزی فورسز کی تعیناتی میں اضافہ کیا جائے گا اور تشدد کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

جناب شاہ نے کہا کہ مرکزی حکومت ، ریاست میں سیکورٹی کی صورتحال کو مستحکم بنانے میں ،منی پور حکومت کو بھرپور تعاون فراہم کررہی ہے۔

وزیر داخلہ نے راحتی کیموں کی صورتحال ، خاص طور سے خوراک، پانی، دواؤں اور دیگر بنیادی سہولیات کی دستیابی کا جائزہ لیا ۔ جناب شاہ نے منی پور کے چیف سکریٹری کو ہدایت دی کہ وہ بے گھر ہونے والے لوگوں کیلئے حفظانِ صحت اور تعلیم کی سہولتوں اور ان کی بازآبادکاری کو یقینی بنائیں۔x

## US - INDIA

امریکہ نے یہ بات دہرائی ہے کہ امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan کے بھارت دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان پہلے سے موجود مضبوط شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور بھارت بحرالکاہل خطے کو اور زیادہ خوشحال بنانے میں مدد ملے گی۔ وہائٹ ہاؤس میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے ، امریکہ کے قومی سلامتی کونسل کے رابطہ کار John Kirby نے بھارت اور امریکہ کو دو سب سے قدیمی اور بڑی جمہوریتیں قرار دیا اور کہا کہ دونوں کے درمیان دوستی کا ایک منفرد رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب Jake Sullivan کے دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان اشتراک کے کلیدی شعبوں کو وُسعت دینا ہے۔

اِس سے قبل جناب Jake Sullivan نے وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کی اور اُنہیں دوطرفہ تعاون کے مختلف شعبوں، خاص طور سے اہم اور اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں سے متعلق اقدامات پر پیشرفت کے بارے میں تفصیل بتائی۔x

## NSA - US - INDIA MEET

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے نئی دلّی میں امریکہ کے اپنے ہم منصب Jake Sullivan کے ساتھ اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی سے متعلق امریکہ - بھارت پہل کی دوسری میٹنگ کی صدارت کی۔ کل میٹنگ کے دوران جناب ڈوبھال اور جناب Sullivan نے ٹیکنا لوجی سے متعلق اہم نوعیت کی ساجھیداری کے دوسرے مرحلے کیلئے ویژن مقرر کیا۔x

## IMD WEATHER

ملک کا پورا شمالی حصہ شدید گرمی کی گرفت میں ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ آج سے اس خطے میں شدید سے بہت شدید گرمی رہے گی۔

بھارتی موسمیات محکمے نے دلی اور اترپردیش سمیت شمالی بھارت کے کچھ حصوں میں شدید گرمی کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ آج اترپردیش، دلی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، بہار، اتراکھنڈ اور جھارکھنڈ کے حصوں میں شدید سے بہت شدید گرمی کی صورتحال کا قوی امکان ہے۔ تاہم شمال مغربی بھارت کی جانب، مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیر اثر کل سے اِس صورتحال میں رفتہ رفتہ کمی آنے کا امکان ہے۔ آج دلی، اترپردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور مشرقی مدھیہ پردیش میں رات کے وقت میں بھی شدید سے بہت شدید گرمی کی صورتحال رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر، شمالی مدھیہ پردیش، ساحلی آندھراپردیش، راجستھان، وِدربھ اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال میں آئندہ دو دنوں کے دوران کہیں کہیں موسم گرم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، آسام اور میگھالیہ میں آئندہ تین دنوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش کا بھی امکان ہے۔

جنوب مغربی مانسون سے متعلق IMD نے کہا ہے کہ آئندہ چار دنوں کے دوران اِس کے مہاراشٹر، چھتیس گڑھ، اوڈیشہ، ساحلی آندھراپردیش، شمال مغربی خلیج بنگال کے کچھ اور علاقوں، مغربی بنگال کے گنگا کے ترائی والے کچھ

علاقوں، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال کے بقیہ حصوں اور بہار کے کچھ حصوں کی جانب مزید آگے بڑھنے کیلئے موسم سازگار ہے۔X

## MIFF UPDATE

ڈاکیومینٹری، شارٹ فکشن اور اینی میشن فلموں کا 18 واں ممبئی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول ممبئی میں جاری ہے ۔ اس سال 61 زبانوں میں ، 59 ملکوں کی کُل 314 فلمیں شامل کی گئی ہیں۔ آج فیسٹول کے چوتھے دن کئی فلمیں دکھائی جائیں گی ، جن میں The Last Shift ، آکاش گنگا ، Tales of Obilivion اور دیگر فلمیں شامل ہیں۔x

## J & K REVIEW MEETING

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے جموں وکشمیر میں سڑکوں اور شاہراہوں سے متعلق پروجیکٹوں کا جائزہ لینے کیلئے سری نگر کے راج بھون میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس موقع پر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں بنیادی ڈھانچے سے متعلق پروجیکٹوں کیلئے وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر نتن گڈکری کے تئیں اظہارِ تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم جموں وکشمیر کے ایک مضبوط اور شاندار مستقبل کیلئے پوری ایمانداری سے کام کررہے ہیں اور انہوں نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ بڑے پیمانے پر بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں اور مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے کی اقتصادی ترقی کو رفتار ملی ہے۔X

## CHINA TORRANTIAL RAIN

چین کے Guangdong صوبے میں موسلادھار بارش کے سبب مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے پانچ افراد کی موت ہوگئی ، جبکہ 15 افراد لاپتہ ہیں۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق اتوار کو صوبائی شہر Meizhon کے کئی حصوں میں شدید بارش ہوئی۔ سیلاب، خشک سالی اور طوفان سے نمٹنے والے صوبائی ہیڈکوارٹر نے کہا ہے کہ اب تک 13 افراد پھنسے ہوئے ہیں۔

کُل سے اب تک Guangdong صوبے کے گھنی آبادی والے حصوں میں موسلادھار بارش ہورہی ہے۔ چین کو کئی ہفتوں سے موسم کی بے حد شدید صورتحال کا سامنا تھا۔x

## SRI LANKA - FISHERMEN ARREST

سری لنکا کی بحریہ نے آج چار بھارتی ماہی گیروں کو گرفتار کرلیا۔ Pudukottai سے تعلق رکھنے والے یہ ماہی گیر Neduntheevu کے نزدیک مچھلیاں پکڑ رہے تھے۔ انہیں سری لنکا کی آبی حدود میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی پاداش میں گرفتار کیا گیا ہے۔ بعد میں انہیں مزید پوچھ تاچھ کیلئے Kankesanthurai بندرگاہ لے جایا گیا۔ x

## VENETO OPEN TENNIS

ٹینس میں اٹلی کے شہر Gaiba میں آج بھارت کی انکیتا Raina ڈبلیو ٹی اے Veneto اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے سیدھے سیٹوں میں اپنی حریف کھلاڑی چیک جمہوریہ کی Dominika Salkova کو سات پانچ، چھ تین سے ہرادیا۔x

## JEVELIN NEERAJ

نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں اولمپک اور عالمی چمپئن نیرج چوپڑا آج فن لینڈ کے Turku میں Paavo Nurmi اسٹیڈیم میں World Athletics Continental Gold Tour میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ ایشیائی کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والے اور ڈائمنڈ لیگ فائنل جیتنے والے کھلاڑی کا مقابلہ ، جرمنی کے Max Dehning سے ہوگا ، جو 90 میٹر کلب کے سب سے کم عمر کھلاڑی ہیں۔x

## HALLE OPEN TENNIS

ٹینس میں بھارت کے یوکی بھامری اور فرانس کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Albano Olivetti کا مقابلہ جرمنی کے شہر Halle میں ATP Halle Open کے مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر میں Hendrik Jebens اور Constantin Frantzen کی جرمن جوڑی سے ہوگا۔ بھارت اور فرانس کی جوڑی نے قزاقستان کی Nedovyesov اور اسپین کی Pedro Martinez کی جوڑی کو 7-5 ، 6-3 سے ہرایا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆